بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

شهادة العالمية فى العلوم العربية والإسلامية "السنة الأولیٰ" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۱ھ/2020ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الاولى : العقائد والكلام | مجموع الدرجات: ۱۰۰

نوٹ:۔دونوں حصوں سے کوئی دو، دوسوال حل کریں۔

حصه اول .....عقائد نسفيه

سوال نمبر 1: (الف) عقل سبب علم ہے یانہیں؟ معجزہ کے ساتھ مؤید حدیث سے کونسا علم ثابت ہوتا ہے؟ علم اکتسابی کس کو کہتے ہیں؟ ۵x۳=۱۵

(ب) اللہ تعالیٰ کی کوئی پانچ ذاتی صفات تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 2: (الف) کون کونسی چیزیں دلائل سمعیہ سے ثابت ہیں؟ استطاعت مع الفعل سے کیا مراد ہے اور یہ کس پر بولا جاتا ہے؟ ۷+۸=۱۵

(ب) بندہ کا خود کو سچا مؤمن کہنا کب صحیح ہوتا ہے؟ اِسعاد اور اِشقاء کس کی صفات ہیں اور ان کا کیا معنی ہے؟ ۵+۵=۱۰

سوال نمبر 3: (الف) ملائکہ اور معراج مصطفیٰ ﷺ کے بارے میں عقیدہ لکھیں نیز اولیاء سے کس طرح کی کرامات کا ظہور ہوسکتا ہے؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) خلافت کتنا عرصہ رہی؟ رُسل بشر اور رسل ملائکہ میں سے افضل کون ہوتے ہیں؟ ۵+۵=۱۰

حصه دوم .....الحق المبين

سوال نمبر 4: (الف) الحق المبین کی روشنی میں دلائل سے ثابت کریں کہ رسول اللہ ﷺ کی شان میں گستاخی کفر ہے۔ ۱۵

(ب) توہین کا دارومدار واقعیت سے ہوتا ہے یا الفاظ و عبارات سے؟ وضاحت کریں۔ ۱۰

سوال نمبر 5: (الف) بعض علوم کو برا کہہ کر رسول اللہ ﷺ کی ذات مقدسہ سے اس کی نفی کرنا کیسا ہے؟ دلائل سے بیان کریں۔ ۱۵

(ب) افضلیت اور اصالت مصطفویہ پر الحق المبین کی روشنی میں ایک جامع مضمون لکھیں۔ ۱۰

سوال نمبر 6: (الف) اشیاء کے وقوع سے پہلے علم الٰہی سے متعلق اہل سنت اور اغیار کا عقیدہ تفصیلاً بیان کریں۔ ۱۵

(ب) الحق المبین کے مصنف کے حالات مختصراً بیان کریں۔ ۱۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان رجسٹرڈ

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولٰى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۱ھ/2020ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الثانية: الميراث** | **مجموع الدرجات: ۱۰۰**

نوٹ:۔ آخری سوال لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1: قال علماء نا رحمهم الله تعالى تتعلق بتركة الميت حقوق اربعة

(الف) میت کے ترکہ کے ساتھ متعلق حقوق اربعہ کون کونسے ہیں؟ نیز ان میں سے کوئی دو کی تفصیل سپردِ قلم کریں۔ ۱۵=۱۰+۵

(ب) موانع ارث کتنے اور کون کونسے ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵

سوال نمبر 2: (الف) والد اور والدہ کے احوالِ وراثت بیان کریں۔ ۱۵=۷+۸

(ب) عصبہ بنفسہ، عصبہ بغیرہ اور عصبہ مع غیرہ میں سے ہر ایک کی تعریف کر کے ان کے افراد بیان کریں۔ ۱۵=۶+۹

سوال نمبر 3: (الف) عول کی تعریف کریں اور بتائیں کہ 6، 12 اور 24 کا عول کیا کیا آتا ہے؟ واضح کریں۔ ۱۵=۱۲+۳

(ب) بیٹی اور پوتی میں سے ہر ایک کے کتنے اور کونسے حالات ہیں؟ وضاحت کریں۔ ۱۵=۸+۷

سوال نمبر 4: درج ذیل ورثاء میں میت کی جائیداد کس طرح تقسیم ہوگی؟ (کوئی چار اجزاء حل کریں) ۴۰=۱۰x۴

(الف) میت ______
بیٹا — پوتا

(ب) میت ______
بیوی — ۳ بیٹی — ۲ بیٹے

(ج) میت ______
خاوند — بیٹا — بھائی

(د) میت ______
بیٹی — حقیقی بہن

(ھ) میت ______
ماں — بیوی — چچا

(و) میت ______
بیٹی — چچا — پھوپھی

عالیہ سال اول

الاختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولٰى" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۱ھ2020ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الثالثة: الفقه** | **مجموع الدرجات: ۱۰۰**

نوٹ: تین سوالات کے جوابات درکار ہیں۔

سوال نمبر 1۔ (الف) لا يحِلُّ أن يَتزوَّج بأُمِّه ولا بجدّاته مِن قِبل الرِجالِ والنِّساء؛ لقوله تعالٰى (حُرِّمتْ عليكم أُمّهاتكم) والجدّاتُ امهاتٌ اذ الامّ الاصل لُغةً، أو ثبت حُرمَتُهنّ بالاجماع.

عبارت کا ترجمہ کریں۔ نیز دائمی حرمت کے اسباب بیان کریں۔ ۱۰+۱۰=۲۰

(ب) زنا کے ذریعے حرمتِ مصاہرت ثابت ہونے سے متعلق اختلافِ ائمہ تفصیل سے بیان کریں۔ ۱۴

سوال نمبر 2 (الف) لا يجُوز للحرّ أن يتزوَّج بأمَة كتابيةٍ لِانَّ جواز نكاحِ الاماءِ ضروريٌّ عنده؛ لِما فِيه مِن تعرِيض الجزء على الرقِ وقد اندفعت الضرورةُ بالمسلمةِ.

عبارت کا ترجمہ کریں۔ نیز مذکورہ مسئلہ میں ائمہ کرام کے صرف اقوال نقل کریں۔ ۱۰+۸=۱۸

(ب) "نکاح متعہ" اور "نکاح شغار" کی تعریف کریں۔ نیز متعہ سے متعلق صحابہ کرام، بالخصوص سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم کے اقوال ذکر کریں۔ ۶+۹=۱۵

سوال نمبر 3 (الف) و طلاق المكره واقعٌ خلافا للشافعي، هو يقول: ان الاكراه لا يجامع الاختيار و به يعتبر التصرف الشرعي.

عبارت کا ترجمہ کریں اور مذکورہ مسئلے کی وضاحت فرمائیں۔ ۶+۶=۱۲

(ب) طلاق احسن، طلاق سنت اور طلاق بدعت کی تعریفات کریں۔ نیز حالت حیض میں طلاق کا شرعی حکم بیان کریں۔ ۱۵+۶=۲۱

سوال نمبر 4 (الف) واذا ورثت المطلقة فى المرض فعدتها أبعد الأجلين.

عبارت کا ترجمہ کریں۔ نیز تشریح کرتے ہوئے اس مسئلے سے متعلق امام ابو یوسف اور امام محمد کی رائے ذکر کریں۔ ۵+۱۳=۱۸

(ب) کن صورتوں میں بیوی کا حق نان نفقہ ساقط ہوجاتا ہے؟ نیز حدیث پاک کی روشنی میں حق نفقہ کی مقدار کیا ہے؟ ۷+۸=۱۵

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولٰی" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۱ھ/2020ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | **الورقة الرابعة : لمسند الامام الاعظم وآثار السنن** | **مجموع الدرجات: ۱۰۰**

نوٹ:۔ دونوں حصوں سے کوئی دو، دو سوال حل کریں۔

حصہ اول .... مسند امام اعظم

سوال نمبر1: **عن ابی الزبیر قال قلت لجابر بن عبد الله ما کنتم تعدون الذنوب شرکا قال لا قال ابو سعید قلت یارسول الله هل فی هذه الامة ذنب یبلغ الکفر قال لا الا الشرک بالله تعالی**

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں اور خط کشیدہ صیغہ بیان کریں۔ ۱۰+۵=۱۵

(ب) کیا گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرنے والا کافر ہو جاتا ہے؟ اپنا مؤقف مدلل طور پر تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر2: **المسعر عن یزید قال کنت اری رأی الخوارج فسألت بعض اصحاب النبی ﷺ فاخبرنی ان النبی ﷺ قال بخلاف ما کنت اقول فانقذنی الله تعالی به**

(الف) حدیث پر اعراب لگا کر اس کا ترجمہ کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) خوارج کے عقائد تفصیل کے ساتھ اس طرح بیان کریں کہ مذکورہ حدیث یہاں ذکر کرنے کا سبب معلوم ہو جائے۔ ۱۰

سوال نمبر3: **قال ابوحنیفة ولدت سنة ثمانین و حججت مع ابی سنة ست و تسعین وانا ابن ست عشرة سنة فلما دخلت المسجد الحرام ورأیت حلقة عظیمة فقلت لابی حلقة من هذه فقال حلقة عبد الله بن الحارث بن جزء الزبیدی...**

(الف) اعراب لگا کر حدیث کا ترجمہ و تشریح کریں۔ ۸+۷=۱۵

(ب) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ تابعی ہیں یا تبع تابعی؟ اپنا مؤقف دلیل کیساتھ لکھیں۔ نیز مذکورہ ملاقات میں انہوں نے جو حدیث سنی وہ تحریر کریں۔ ۵+۵=۱۰

حصہ دوم .... آثار السنن

سوال نمبر4: **عن ابن عباس رضی الله عنه قال کان رسول الله ﷺ یصلی وهو بمکة نحو بیت المقدس والکعبة بین یدیه**

(الف) اعراب لگا کر ترجمہ کریں نیز ہجرت کے بعد کتنے مہینے تک رسول اللہ ﷺ نے بیت المقدس کیطرف رخ کر کے نماز ادا فرمائی؟ ۱۰+۵=۱۵

(ب) غیر قبلہ کی طرف متوجہ سواری پر نماز ادا کرنے کے بارے میں شرعی حکم بیان کریں۔ ۱۰

سوال نمبر5: **عن وائل بن حجر رضی الله عنه قال صلیت مع رسول الله ﷺ فوضع یده الیمنی علی یده الیسری علی صدره**

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ کریں نیز تشریح اس طرح کریں کہ احناف کا مؤقف ترجیحاً ثابت ہو جائے۔ ۸+۷=۱۵

(ب) کیا تکبیر تحریمہ اور فاتحہ کے درمیان ثناء کے علاوہ کوئی اور کلمات پڑھے جاسکتے ہے؟ اس حوالے سے اقوال ائمہ تحریر کریں۔ ۱۰

سوال نمبر6: **وعن ابی مسعود رضی الله عنه قال رأیت النبی ﷺ یکبر فی کل رفع وخفض و قیام و قعود**

(الف) حدیث شریف کا ترجمہ تحریر کریں، نیز حدیث کی تشریح و توضیح قلمبند کریں۔ ۷+۸=۱۵

(ب) رکوع وسجود وغیرہ میں جاتے اور اٹھتے وقت تکبیر کہنا واجب ہے یا سنت؟ جمہور کا مؤقف مع الدلائل تحریر کریں۔ ۱۰

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان (رجسٹرڈ)

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولی" للبنات الموافق سنة ١٤٤١ھ/2020ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة الخامسة: للمؤطين | مجموع الدرجات: ١٠٠

نوٹ: دونوں حصوں میں سے دو، دو سوالات حل کریں۔

حصہ اول .... مؤطا امام مالک

سوال نمبر 1۔ (الف) مالک عن ابن شهاب انه اخبره ان رجلاً اعترف علی نفسه بالزنا علی عهد رسول اللّٰہ ﷺ و شهد علی نفسه اربع مرات فامر به رسول الله ﷺ فرجم.

حدیث کا ترجمہ کریں اور بتائیں کہ محصن اور غیر محصن کے لیے حدِ زنا کیا ہے؟ ١٥=٥+٥+٥

(ب) ان رسول الله قطع فی مجن ثمنه ثلاثة دراهم.

حدیث پر اعراب لگائیں۔ نیز بتائیں کتنی مالیت پر حدِ سرقہ جاری کی جاتی ہے؟ ١٠=٥+٥

سوال نمبر 2۔ (الف) ان عبد الله بن عمر لم یکن یساله احد من اهله عقیقة الا اعطاه ایاها و کان یعق عن ولده بشاة عن الذکور و الاناث.

حدیث کا ترجمہ کریں نیز بتائیں کہ عقیقہ کا کیا حکم ہے اور اس کے بارے میں اہل علم کے مختلف اقوال کی وضاحت کریں۔ ٥+٣+٧=١٥

(ب) "لبن الفحل" کا معنی اور اس کا حکم بیان کریں۔ ٦+٤=١٠

سوال نمبر 3۔ (الف) کانت له امراتان فارضعت احداهما غلاما و ارضعت الاخری جاریة فقیل له هل یتزوّج الغلام الجاریة؟ فقال لا اللقاح واحد.

حدیث کا ترجمہ کریں اور خط کشیدہ کی وضاحت کریں۔ ١٠=٥+٥

(ب) "عشر رضعات معلومات" کی وضاحت کریں نیز اس حکم کے منسوخ ہونے پر دلیل تحریر کریں۔

نیز اس مسئلہ کے بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا موقف بیان کریں۔ ١٥=٥+٥+٥

حصہ دوم .... مؤطا امام محمد

سوال نمبر 4۔ (الف) الوضوء ثلثاً ثلثاً افضلُ و الاثنان یجزئان و الواحدة اذا اسبغت تجزئ ایضاً وهو قول ابی حنیفه رحمه الله.

عبارت جوابی کاپی پر لکھنے کے بعد حرکات و سکنات لگائیں اور ترجمہ کریں۔ ١٠=٥+٥

(ب) وضو کے واجب ہونے کی کتنی اور کون سی شرائط ہیں؟ نیز بتائیں وضو کا حکم کس آیت میں ہے؟ آیت مع ترجمہ لکھیں۔ ٢+٥+٨=١٥

سوال نمبر 5۔ (الف) کان الرجال و النساء یتوضئون جمیعا فی زمن رسول اللّٰہ ﷺ فی اناء واحد.

مندرجہ بالا حدیث کا ترجمہ و توضیح کریں۔ ١٠=٥+٥

(ب) ماء مستعمل کی تعریف کریں اور اس کے استعمال کے بارے حکم شرعی تفصیل کے ساتھ قلمبند کریں۔ ٥+١٠=١٥

سوال نمبر 6۔ (الف) قال رسول الله ﷺ اذا اتی احدکم الجمعة فلیغتسل.

حدیث مبارک کا ترجمہ کریں۔ نیز بتائیں کہ "فلیغتسل" وجوب کے لیے ہے یا استحباب کے لیے؟ ١٠=٥+٥

(ب) جمعہ کے دن غسل کس وقت کیا جائے؟ اختلاف ائمہ تحریر کریں نیز استحاضہ کی تعریف اور اس کی صورتیں بھی بیان کریں۔ ٦+٩=١٥

تنظیم المدارس اہلسنت پاکستان

الإختبار السنوی لشهادة العالمية "السنة الأولٰی" للبنات الموافق سنة ۱۴۴۱ھ/2020ء

الوقت المحدد: ثلث ساعات | الورقة السادسة: لاصول الحديث | مجموع الدرجات: ۱۰۰

نوٹ:۔ سوال نمبر 1 لازمی ہے باقی میں سے کوئی دو سوال حل کریں۔

سوال نمبر 1:۔ مندرجہ ذیل میں سے کوئی سی پانچ اصطلاحات کی تعریفات تحریر کریں۔

(الف) موقوف ، مرفوع ، صحیح ، مشہور ، معلل ، ضعیف ، عزیز — ۵x۴=۲۰

(ب) متن اور سند میں احکام کا فرق بیان کریں نیز حدیث موضوع کا حکم بیان کریں۔ — ۱۰+۱۰=۲۰

سوال نمبر 2: (الف) امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی کوئی پانچ خصوصیات بیان کریں۔ — ۳x۵=۱۵

(ب) اہل کوفہ نے سماع حدیث کے لئے بیس سال کی شرط لگائی ہوئی تھی لہذا امام اعظم نے صحابہ سے سماع نہیں کیا، جواب دیں۔ — ۱۵

سوال نمبر 3: (الف) امام مالک رحمۃ اللہ تعالی علیہ کے حالات زندگی مختصر تحریر کریں۔ — ۱۵

(ب) فقہاء احناف میں سے کسی ایک امام کا مختصر تعارف بیان کریں (امام اعظم علیہ الرحمہ کے علاوہ) — ۱۵

سوال نمبر 4: (الف) شرح معانی الآثار کا اسلوب مفصلا بیان کریں۔ — ۱۵

(ب) صحیح بخاری میں حدیث وارد کرنے کیلئے امام بخاری نے کیا کیا شرائط رکھی تھیں؟ — ۱۵

سوال نمبر 5: (الف) صحیح مسلم کا سبب تالیف لکھیں نیز اس کتاب میں مرویات کی تعداد بیان کریں۔ — ۸+۷=۱۵

(ب) شروحات مسلم میں سے کوئی سی پانچ کے نام لکھیں۔ — ۳x۵=۱۵